مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام

5

عصر سے مغرب تک



دار السلام
DARUSSALAM

مُسلمان بچّوں کے صبح و شام

5

عصر سے مغرب تک



www.KitaboSunnat.com

دار السلام
DARUSSALAM

ⓒ مكتبة دار السلام، ١٤٢٤ هـ

فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر

مكتبة دار السلام

من العصر الى مغرب. / مكتبة دار السلام - الرياض، ١٤٢٤هـ
١٦ ص، ١٧×٢٤ سم
ردمك: ٣-٩٠-٨٩٧-٨٩-٩٩٦٠
(النص باللغة الاردية)
١- الآداب الاسلامية أ- العنوان
ديوي: ٢١٢،٢ ١٤٢٤/٦٩٦٣

رقم الإيداع: ١٤٢٤/٦٩٦٣
ردمك: ٩-٨٩-٨٩٧-٩٩٦٠

نام کتاب : عصر سے مغرب تک (مسلمان بچوں کے صبح وشام ⑤) مصنف : ڈاکٹر محمد افتخار کھوکھر

منتظم اعلیٰ : عبدالمالک مجاہد

مجلس انتظامیہ : حافظ عبدالعظیم اسد (منیجر دارالسلام لاہور) محمد طارق شاہد (انچارج شعبہ ادب الاطفال والشباب)

مجلس ادارت : ڈاکٹر محمد افتخار کھوکھر اشتیاق احمد عرفان جمیل
اشفاق احمد خاں محمد امین ثاقب قاری طارق جاوید

ڈرائنگ اینڈ السٹریشن :
زاہد سلیم چودھری (آرٹ ڈائریکٹر) معاونین : ضیاء الرحمن عمر فاروق احسن محمود


خطاطی : اکرام الحق

اشاعت اوّل : مارچ 2004

ہیڈ آفس (سعودی عرب) | پوسٹ بکس: 22743 الریاض: 11416 سعودی عرب فون: 4043432-4033962 1 00966 فیکس: 4021659
E-mail: darussalam@awalnet.net.sa Website: www.dar-us-salam.com

پاکستان (ہیڈ آفس و مرکزی شوروم) | ❶ 36- لوئر مال سیکرٹریٹ سٹاپ لاہور فون: 7110081-7111023-7232400-7240024 42 0092
فیکس: 7354072 E-mail: darussalampk@hotmail.com

شارجہ فون: 5632623 (009716) فیکس: 5632624
لندن فون: 0044-208-5202666 فیکس: 208 5217645
امریکہ ❶ ہیوسٹن فون: 001-713-7220419 فیکس: 7220431
❷ نیویارک فون: 001-718-6255925 فیکس: 625 1511



بچو!

اُٹھو! آپ دونوں نے خوب آرام کرلیا ہے۔

تمہارے ابّا جان بھی دفتر سے آ چکے ہیں۔

امّی جان نے صحن میں سبزی بناتے ہوئے راشد اور آمنہ کو آواز دی۔






ابّا جان' آپ دفتر سے جلدی آ گئے ہیں؟

راشد نے پوچھا۔

ہاں بیٹا' میرے دوست افضل صاحب بیمار ہیں اُن کا حال پوچھنے جانا ہے۔

ابّا جان نے بتایا۔





راشد بیٹا' آؤ! نمازِ عصر کے لیے چلتے ہیں۔ واپسی پر افضل صاحب کا حال پوچھنے اُن کے گھر چلیں گے۔

ابّا جان نے کہا۔

راستے میں مارکیٹ سے مجھے اور آمنہ کو بسکٹ اور ٹافیاں لے دیں گے؟




راشد نے ابّا جان سے پوچھا۔

ہاں بیٹا' ضرور لے دوں گا! ابّا جان نے کہا۔



لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ



لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

(کوئی حرج نہیں یہ بیماری اللہ نے چاہا تو گناہوں سے پاک کرنے والی ہے)

راشد کے ابّا جان نے افضل صاحب کی عیادت کرتے ہوئے کہا۔

"جزاك الله خيراً" آپ میرا حال پوچھنے آئے۔

افضل صاحب نے راشد کے ابّا جان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا۔

یہ تو میرا فرض تھا۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ کا فرمان ہے۔

جب ایک مسلمان اپنے دوسرے مسلمان بھائی کی تیمارداری کرتا ہے تو وہ لوٹنے تک جنت کے پھل چنتا رہتا ہے۔

اللہ

اِنْ شَآءَ اللّٰہُ

ابا جان

ہمارا دینِ اسلام کتنا اچھا ہے۔ چھوٹی سے چھوٹی نیکی کا بھی اللہ تعالیٰ بہت زیادہ ثواب دیتے ہیں۔ راشد نے کہا۔

السلام علیکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

راشد نے ابّا جان کے ساتھ گھر میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

آمنہ اور امّی جان نے ایک ساتھ جواب دیا۔

ورحمۃ اللہ

آمنہ، یہ لو ٹافیاں اور بسکٹ کا پیکٹ!
راشد نے کہا۔
راشد بھائی، آپ کتنے اچھے ہیں۔
آمنہ نے ٹافیاں اور بسکٹ کا پیکٹ لیتے ہوئے کہا۔



راشد بھائی!

کل آپ کا ٹیسٹ اور میرا کوئز پروگرام ہے۔ اس لیے آج زیادہ نہیں کھیلتے۔ کل ساجد' فاطمہ اور عائشہ کے ساتھ مل کر پارک میں خوب کھیلیں گے۔

آمنہ نے کہا۔



ابّا جان!

کل میرا سیرت النبی ﷺ پر کوئز مقابلہ ہے۔ مجھے پیارے نبی ﷺ کے متعلق خاص خاص باتیں تو بتا دیں۔


آمنہ نے کہا۔



پیارے نبی ﷺ کے حالات و واقعات پر تو بے شمار کوئز کی کتابیں مل جاتی ہیں۔ لیکن......

ابا جان نے اتنا ہی کہا تھا کہ آمنہ نے فوراً پوچھا: لیکن کیا؟

وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا



اصل بات یہ ہے کہ ہم پیارے نبی ﷺ کے حالات وواقعات پڑھ کر آپ ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے کی کوشش کریں۔


ابا جان نے بتایا۔



میں کوشش کروں گی کہ پیارے نبی ﷺ کے حالات وواقعات جان کر آپ ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلوں۔

آمنہ نے کہا۔

وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ



شاباش!

یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ تم اور راشد کوشش کرو کہ زندگی کا ہر کام اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ہو۔

ابا جان نے پیار سے کہا۔



حیّ علی الصلوۃ


حیّ علی الفلاح

راشد بیٹا! آؤ مغرب کی نماز پڑھنے چلتے ہیں۔


ابّا جان نے کہا۔


مسلمان بچوں کے صبح وشام کیسے ہونے چاہئیں ......

چھ حصوں پر مشتمل خوبصورت سلسلہ














ISBN 9960-897-89-3
9 789960 897899

دار السلام
کتاب وسنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ
ریاض • جدہ • شارجہ • لاہور
لندن • ہیوسٹن • نیو یارک
DARUSSALAM